Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵ {مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۱ رجب المرجب ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۱ نومبر ۱۹۳۳ء} جلد ۲۵

حصہ اول

خلاصہ احکام اجلاس ہمایون اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	منظوری اسکیم تعلیم قانون گویان۔	۲ و ۳	(۵)	منظوری اسکیم باورچیانہ جات مہمانداری۔	۸
(۲)	رخصت سکریٹری صاحب بیاض جواہر خانہ	۳	(۶)	اضافہ کرایہ لنگر بگر گورکھا کمپنی۔	۹
(۳)	رخصت آیا مارتینی۔	"	(۷)	رخصت ڈاکٹر ایس۔ بی واحدی صاحب اسسٹنٹ سرجن	"
(۴)	منظوری تقرر عارضی بموجب اسکیم عملہ بندوبست جدید	۳ تا ۷	(۸)	منظوری رخصت میجر عزیز حسن خانصاحب۔	"

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہزہائینس حضور پُرنور نواب دام اقبالہم و ملکہم

روبکار۔ — مورخہ ۸ر نومبر ۱۹۳۳ء

بربنائے پیشی عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۴ر نومبر ۱۹۳۳ء بابت منظوری اسکیم تعلیم قانون گویان حسب تحریک صاحب ریونیو منسٹر بہادر

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ حسب صراحت رپورٹ بنظر پرورش رعایائے رامپور اسکیم تعلیم قانونگویان کی منظوری باجازت اعلان دیجاتی ہے مصارف بجٹ ریونیو ڈپارٹمنٹ سے ہونگے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام مناسب از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

بتعمیل حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۵ر نومبر ۱۹۳۳ء — دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر

ڈی او صاحب ریونیو منسٹر بہادر (واقع تاریخ ۲۹ر اکتوبر ۱۹۳۳ء)

بخدمت شریف جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

جناب من!

گورنمنٹ سے جو قانونگویان مستعار بلائی گئی ہیں۔ وہ ختم میعاد پر واپس چلے جائیں گے۔

اور ریاست میں زیرِنہ قانونگویاں کی ضرورت رہیگی۔ بالخصوص دو سال کے اندر امید کیجاتی ہے کہ قریب قریب دس گرداور قانون گویان کو ملازمت دی جاسکے گی۔

مزید پٹواریان بند ہوگیا ہے۔ لیکن سلسلہ تکمیل ریاست میں اس سال موسم سرما میں ترمیم نقشہ دیہات کا کام بڑے پیمانے پر کیا جائے گا اور خانہ پری جدید قواعد کے بموجب ہوگی۔ پھر دفتر میں اس نمونہ پر کام ہوگا جیسا کہ گورنمنٹ یو۔ پی میں سلسلہ بندوبست کیا جاتا ہے۔

لہذا قانون گویان کی تعلیم کے لئے یہ موقع نہایت مناسب معلوم ہوتا ہے۔

زمانہ بندوبست جدید میں ایسے امیدواران کو تعلیم کتابی و عملی دیجائیگی۔ اور آخر ماہ ستمبر آئندہ میں صاحب مہتمم بندوبست و صاحب نائب مہتمم بندوبست امتحان لیکر کامیاب طلباء کو سرٹیفکٹ عطا فرمائیں گے۔ کامیاب شدہ امیدواران جیسے جیسے جگہ خالی ہوتی جائے گی مقرر ہوتے جائیں گے۔ اور نئی گرید ڈپے پائیں گے اور جن کامیاب شدہ امیدواران کو فوراً جگہ نہ دیجائیگی وہ بطور سپرنیومریری قانون گویاں کے رکھے جائینگے اور بیس روپیہ ماہوار الاؤنس پائیں گے۔

لہذا مستدعی ہوں کہ اس اسکیم کی منظوری فرمائی جائے۔ اور اجازت عطا ہو کہ بذریعہ اعلان

اس اسکیم کو مشتہر کیا جائے تاکہ رامپور کے شرفاء و تعلیمیافتہ لوگ جنہوں نے اسٹیٹ ہائی اسکول رامپور سے پچھلے تین سال کے اندر شرکا پاس کیا ہو اس موقع سے نفع اٹھا سکیں۔

فی الحال صرف دس امیدواران کو تعلیم کے لئے رکھا جائے گا اور ان کو ایام تعلیم یعنی ۱۵ مارچ ۱۹۳۳ء تک دس اور یکم اپریل سے ۱۵ اگست ۱۹۳۳ء تک بیس روپے ماہوار الاؤنس دیا جائے گا۔ جس کی منظوری بھی درکار ہے فقط

نیازمند

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم:-

واقع ۵ر نومبر ۱۹۳۳ء

فرزند عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے منظوری رخصت اتفاقیہ تین یوم مطلوبہ صاحب سکریٹری بہادر جواہر خانہ از ۶ر نومبر ۱۹۳۳ء بوجہ علالت صاحب موصوف و صدر حکم انتظام کام صاحب سکریٹری بہادر جواہر خانہ دستاردار صاحب بہادر ڈیوڑھی اجرن کا کام صاحب سکریٹری بہادر جواہر خانہ انجام دے رہے تھے

بموجب رپورٹ۔ صاحب سکریٹری بہادر جواہر خانہ کی تین روز کی رخصت اتفاقیہ منظور ہے ایام رخصت میں صاحب کنٹرولر بہادر ہاؤس ہولڈ کام کے ذمہ دار رہیں گے۔ چونکہ سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی بکار سرکار باہر گئے ہیں۔ اور صاحب سکریٹری بہادر جواہر خانہ ان کا کام بھی کر رہے تھے۔ لہٰذا کنٹرولر صاحب بہادر ہاؤس ہولڈ دونوں کا کام انجام دیں گے کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

بنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۵ر نومبر ۱۹۳۳ء　　دستخط فارم صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:-

واقع ۹ر نومبر ۱۹۳۳ء

فرزند عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے منظوری رخصت رعایتی چودہ۱۴ یوم ماٹیمنی آیا تنخواہ دار چالیس روپیہ ۴۰ دس روپیہ ماہوار الاؤنس از تاریخ استفادہ بوجہ علالت بسپرش انجام کلکتہ ذمہ داری اَنا خیراتی خورشید لقا بیگم صاحبہ

بموجب رپورٹ ماٹیمنی آیا کی چودہ۱۴ یوم کی رخصت رعایتی منظور ہے۔ نو خیشی خورشید لقا بیگم کی اَنا ماٹیمنی آیا کے کام کی ذمہ دار رہے گی۔ کاغذات برائے کارروائی اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

بنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۹ر نومبر ۱۹۳۳ء　　دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:۔ واقع ۹ر نومبر ۱۹۳۳ء

دستخط بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

کاغذات متعلق تقرر عارضی عملہ بندوبست جدید پیش ہوئے جنکے ملاحظہ سے واضح ہے کہ صیغہ مال کی تجویز سے سروسز سلکشن بورڈ کو بھی اتفاق ہے لہذا بموجب رپورٹ (۶۹) اسم مندرجہ فہرست مرتبہ صیغہ مال کا عارضی تقرر برائے کارہائے بندوبست جدید منظور کیا جاتا ہے۔ منجملہ (۶۹) اسم کے (۳۰) امیدوار باشندگان اضلاع غیر ہیں ان کے تقرر عارضی کی بھی اجازت دیجاتی ہے۔ اس عارضی عملہ جدید کی تنخواہوں کے مصارف موجودہ بجٹ صیغہ مال سے ہونگے مزید توسیع نہیں ہوگی۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

بمنشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۹ر نومبر ۱۹۳۳ء

دستخط فارصاحب چیف منسٹر بہادر

اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

امیر ساند

بجز وض

جنابعالی

عملہ بندوبست کیلئے جو درخواستیں گذری ہیں۔ انہیں جانچ کرکے صاحب ریونیو منسٹر بہادر نے انتخاب کیا ہے جسکی تفصیل حسب ذیل ہے۔

نام عہدہ	باشندگان رامپور	باشندگان اضلاع غیر	کل
ہیڈ ڈرافسمین و ڈرافسمین	۵	۵	۱۰
فیلڈ انسپکٹر	۷	۷	۱۴
فیلڈ امین	۲	۱۸	۲۰
محرر	۱۰	۳	۱۳
چک تراش	-	۸	۸
منصرم دفتر	-	۲	۲
[illegible]	۳۰	۳۹	۶۹

ہیڈ ڈرافسمین و ڈرافسمین کے لئے مقابلہ کے امتحان میں باشندگان رامپور پانچ سے زیادہ کامیاب نہیں ہوئے۔

فیلڈ انسپکٹر کے عہدہ کے واسطے باشندگان رامپور کی درخواستیں سات سے زیادہ نہیں تھیں۔

فیلڈ امین کے عہدہ کے لئے باشندگان رامپور کی آٹھ درخواستیں تھیں جن میں سے صرف دو شخص از سر نو پیمایش کا کام جانتے تھے بقیہ کو از سر نو پیمایش کا کوئی تجربہ نہ تھا۔ اس لئے مجبوراً ساکنان اضلاع غیر کو منتخب کیا گیا۔

چک تراش اور منصرم دفتر کے لئے باشندگان رامپور میں سے کسی کی درخواست نہیں گذری۔ اور اس کام سے رامپور میں واقف بھی نہیں ہیں۔ باشندگان ضلع غیر کی ملازمت کی منظوری کے لئے صاحب ریونیو منسٹر بہادر نے استدعا کی ہے۔ کاغذات سروسز سلکشن بورڈ میں بھیجے گئے تھے۔ سروسز سلکشن بورڈ نے صیغہ مال کی تجویز سے اتفاق کرتے ہوئے ایک شخص عبد الرؤف خان باشندہ رامپور جو ڈرافسمین کا کام کرسکتا ہے۔ صیغہ مال میں اوسکی سندات دیکھکر کسی دوسرے شخص کے بجائے اوسکے مقرر کرنے کی سفارش کی ہے۔ افراد بالا میں شامل ہیں (۳۷) اشخاص میں سے ایک اسم فیلڈ انسپکٹر عبد الصمد ساکن بدایوں کا تقرر پہلے ہو چکا ہے۔ اور تین اسم چک تراش ساکنان ضلع غیر بھی پیشتر مقرر ہو چکے ہیں۔ بقیہ (۶۹) اسم میں سے بنواری لال محرر اور چھدا لال محرر تین تین ماہ کے واسطے اور سید شفیع احمد فیلڈ انسپکٹر اور نفیر چند محرر چار چار ماہ کیواسطے بقیہ (۶۵) اسم چھ ماہ کیواسطے رکھے جائینگے۔ منجملہ (۶۹) اسم تقرر جدید کے (۳۹) اسم ضلع غیر کے ہیں۔ اور (۳۰) اسم باشندگان رامپور ہیں۔ عبد الرؤف ڈرافسمین جسکے لئے بورڈ نے سفارش کی ہے اور صاحب ریونیو منسٹر بہادر نے منظور کرلیا ہے۔ تعداد ملازمین باشندگان ضلع غیر میں سے ایک اسم کم ہو کر (۳۰) اسم باشندگان

ضلع غیر اور (۳۱) اسم باشندگان رامپور ریاست ہیں۔ جملہ کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔ نیازخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے تقرر (۶۹) اسم جدید اور ان میں سے (۳۸) اسم باشندگان ضلع غیر کے تقرر کی اجازت کا حکم شرف نفاذ پائے۔ اس عملہ جدید عارضی کے لئے بجٹ میں توسیع ہوگی۔ بلکہ حسب منشاء ریونیو منسٹر بہادر موجودہ بجٹ صیغہ مال سے عملہ جدید عارضی کی تنخواہوں کے قدر گنجایش نکال لیں گے۔ زیادہ حد ادب

آفتاب دولت واقبال تابان باد

عرضی

نیازخواہ فارن چیف منسٹر بہادر

مورخہ ۵ نومبر ۱۹۳۳ء

فہرست اسماء

نمبر شمار	نام امیدوار منتخب شدہ	سکونت	نام عہدہ	تنخواہ جس پر مقرر کیا جاویگا	تخمینی مدت جسکے لئے مقرر کیا جاوے گا	کیفیت
۱	منور حسین خان	رامپور	فیلڈ انسپکٹر	۳۵	چھ ماہ	
۲	محمود عیسیٰ خان	//	//	۳۵	//	
۳	عبدالغنی	//	//	۳۵	//	
۴	ممتاز حیدر تخفیف شدہ قانونگوی	//	//	۳۵	//	
۵	جمیل احمد خان تخفیف شدہ قانونگوی	//	//	۳۵	//	
۶	سید شفیع احمد	//	//	۲۵	چار ماہ	
۷	گنشی لال پٹواری گاما پور تحصیل حضور	//	//	۲۰	چھ ماہ	
۸	منشی عبدالصمد ملازم	بدایوں	//	۰	۰	۳۵ پر تقرر ہو چکا ہے بجٹ میں نام موجود ہے۔
۹	سید علی حیدر	امروہہ	//	۳۵	چھ ماہ	
۱۰	سید ابن حسن	//	//	۳۵	//	
۱۱	اطہر حسن	افغان پور	//	۳۵	//	
۱۲	زاہد حسین	//	//	۳۵	//	
۱۳	عبدالحمید	بریلی	//	۳۵	//	
۱۴	محمد اشرف خان	بجنور	//	۳۵	//	

۱۵	محمد صالح	ملیح آباد	فیلڈ انسپکٹر	۳۵	چھ ماہ	
۱۶	سید عطا رسول	امروہہ	ہیڈ ٹریسر	۳۰	″	
۱۷	اعجاز حسین خان	بدایون	″	۳۰	″	
۱۸	لیئق الزمان	رامپور	ٹریسر	۲۰	″	
۱۹	شفیع جعفر	″	″	۲۰	″	
۲۰	شہرت علیخان	″	″	۲۰	″	
۲۱	فرید الزمان	″	″	۲۰	″	
۲۲	غلام محمد	″	″	۲۰	″	
۲۳	مصطفٰے حسین	امروہہ	″	۲۰	″	
۲۴	سجاد حسین	بریلی	″	۲۰	″	
۲۵	الطاف حسین خان	بدایون	″	۲۰	″	
۲۶	منشی محمود خان سید چک تراش	بجنور	منصرم چک تراش	۵۰	″	
۲۷	سید مظاہر حسین	اعظم گڈھ	″	۴۰	″	
۲۸	منشی عبد الحمید	بریلی	″	۴۰	″	
۲۹	منشی عبد الغنی	بدایون	″	۳۵	″	
۳۰	منشی رام سروپ	بجنور	″	۳۵	″	
۳۱	مبارک شاہ خان	رامپور	فیلڈ امین	۲۵	″	
۳۲	ابراہیم خان	″	″	۲۵	″	
۳۳	سید لیاقت حسین	امروہہ	″	۲۵	″	
۳۴	سید مسلم حسین	″	″	۲۵	″	
۳۵	مرزا حسن بیگ	″	″	۲۵	″	
۳۶	مظہر حسین	اخوان پور	″	۲۵	″	
۳۷	سید اقبال حسین	″	″	۲۵	″	
۳۸	فصاحت حسین	″	″	۲۵	″	
۳۹	شرافت حسین	″	″	۲۵	″	
۴۰	اچھن خان	بریلی	″	۲۵	″	
۴۱	محبوب عالم	″	″	۲۵	″	

۴۲	عبدالحق	بریلی	فیلڈ امین	۲۵	چھ ماہ	
۴۳	الٰہی بخش	ساکن ضلع رائے بریلی	″	۲۵	″	
۴۴	خضر محمد خان	بہرائچ	″	۲۵	″	
۴۵	محمد سعید	″	″	۲۵	″	
۴۶	محمد اسمٰعیل	محلہ [illegible] بجنور قصبہ سوارہ	″	۲۵	″	
۴۷	مرتضیٰ علی	ہردوئی	″	۲۵	″	
۴۸	مبارک علی آناؤ	آناؤ	″	۲۵	″	
۴۹	اظہر حسین	مرادآباد	″	۲۵	″	
۵۰	محمد سبطین	[illegible]	″	۲۵	″	
۵۱	سید محمد نجم حسن	اعظم گڈھ	منصرم دفتر	۳۰	″	
۵۲	سخاوت حسین	بدایون	محرر	۲۵	″	
۵۳	عبدالکافی خان	بریلی	محرر	۲۰	″	
۵۴	انصار حسین	امروہہ	″	۱۵	″	
۵۵	بنواری لال تخفیف شدہ پٹواری	تحصیل سوار	″	۱۵	تین ماہ	
۵۶	فقیر چند پٹواری	بلاسپور	″	۱۵	چار ماہ	
۵۷	بابو رام پٹواری	″	″	۱۵	″	
۵۸	کنج بہاری لال	ملک	″	۱۵	″	
۵۹	بیچے لال	″	″	۱۵	″	
۶۰	ہرسروپ ولد بہاری لال ساکن [illegible]	شاہ آباد	″	۱۵	″	
۶۱	سوہن چند ولد خوب چند ساکن پیلی پوشی	″	″	۱۵	″	
۶۲	الفت رائے ساکن کمنڈیہ	حضور تحصیل	″	۱۵	″	
۶۳	شیام لال پٹواری تخفیف شدہ تحصیل ملک	″	″	۱۵	″	
۶۴	چھدا لال ساکن اکبرآباد تحصیل ٹانڈہ	تحصیل سوار کیمپ	″	۱۵	تین ماہ	
[illegible]	پارکس ہرکارہ	رامپور	ہرکارہ	۱۰ ماہوار	چھ ماہ کے لئے	
[illegible]	پارکس خلاصی	″	خلاصی	۱۲	″	
[illegible]	تین کس چاک تراش	ساکنان استاگنج	چاک تراش			بذریعہ منظوری حاصل کرکے مقرر کئے گئے ہیں

واقع ۹ نومبر ۱۹۳۳ء

حکم :-

(اعلیٰحضرت بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ بموجب رپورٹ اسکیم باورچیخانہ جات مہمانداری مرتبہ صاحب کنٹرولر بہادر ہاؤس ہولڈ متفقہ صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کی منظوری دیجاتی ہے۔ اجرائے اسکیم میں کسی قسم کا بجٹ پر بار نہیں پڑیگا۔ کاغذات مع حکم ہذا برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

سررشتہ ہذا سے جلد احکام ضابطہ جاری ہوں بعد اجرائے احکام اصل کاغذات بغرض کارروائی بنشائے حکم صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر کیجانب بھیجے جائیں۔ ۹ر نومبر ۱۹۳۳ء

دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلیٰحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اصل عرض   میر سامانی

جناب عالی

باورچیخانجات مہمانداری کی اصلاح و بہتری کے متعلق صاحب کنٹرولر بہادر ہاؤس ہولڈ نے ایک اسکیم تیار کی ہے۔ جس میں :-

منظور علی ہیڈ منصرم کو باورچیخانہ انگریزی کا خاص طور پر ذمہ دار بنایا ہے۔ اور باورچیخانہ ہندوستانی و پاندانخانہ و ہنڈیخانہ کی بھی نگرانی اس سے متعلق رکھی ہے۔ اور حیدر علیخان کے ذمہ باورچیخانہ ہندوستانی پاندانخانہ۔ ہنڈیخانہ عام کی خاص طور پر نگرانی قائم کی ہے۔

تحویل اور دفتر :- چار تحویلدار اور محرر کی بجائے آئندہ ۱۲ تحویلدار اور چار محرر ہو سکتے ہیں۔ جو اب دو ڈپٹی کلرک کے نام سے موسوم ہونگے۔ اور تحویلداروں اور ڈپٹی کلرکوں کی پانچ پانچ سو روپیہ کی ضمانت قائم کی ہے۔ جانکی پرشاد کو اسٹورکیپر اور احمد رضا خان کو معاون اسٹورکیپر تجویز کیا ہے۔ اور جنرل ڈپٹی کلرکس باورچیخانہ انگریزی۔ شانتی سروپ و جمیل احمد خان

باورچیخانہ ہندوستانی :- مچھن خان و ارشاد علی

فرائض تحویلدار و منصرمان ملازمان قائم کئے ہیں اور ترتیب حسابات کے متعلق ہدایات جاری کی ہیں اور نقشہ جات رجسٹر آمد و روانگی مہمانان بناتے ہیں۔ کارخانہ کے مقررہ عملہ آمد تحویل کو تبدیل کیا ہے اور چند اسامیوں کا اندرونی ردوبدل ہے۔ جس سے بجٹ پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر نے اتفاق رائے کرتے ہوئے اعلیٰحضرت ہمایوں سے منظوری کی استدعا کی ہے۔ اور صاحب فائنانس منسٹر بہادر کو فائنانس کے نقطہ نظر سے اس تجویز سے اختلاف نہیں ہے۔ جملہ کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں۔ ترتیب خواہ مستدعی ہے کہ بارگاہ ہمایوں سے اس اسکیم کی منظوری کا حکم شرف نفاذ پائے۔ اسمیں بہتری کا مقصد زیادہ مد نظر ہے۔ آفتاب دولت و اقبال تاباں باد۔

عرضداشت صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

مرقومہ ۹ر نومبر ۱۹۳۳ء

روبکار :-

واقع ۷ر نومبر ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

کاغذات متعلقہ ملاحظہ ہوئے - بموجب رپورٹ

کرپال سنگھ بگلر گورکھا کمپنی کو باضافہ چار روپیہ ماہانہ زائد از تنخواہ نائک اور پائپ میجر مقرر کیا جانا منظور ہے - علاوہ تنخواہ نائکی کے مبلغ چار روپیہ ماہوار پائپ میجری کا الاونس دیا جائے - اور مبلغ ایک روپیہ الاونس بگلری کا مسدود کیا جائے

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام ضابطہ از سرشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہو - آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے

بتشائے حکم ہمایوں سرشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے - ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسلہو - ۷ر نومبر ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :-

واقع ۷ر نومبر ۱۹۳۳ء

عریضۂ یادداشت صاحب چیف منسٹر بہادر بہ تخلص کہ ڈاکٹر ایس - بی - واحدی اسسٹنٹ سرجن کی رخصت رعایتی پندرہ یوم من ابتدا ۲۵ر اکتوبر لغایۃ ۸ر نومبر ۱۹۳۳ء منظور فرمائی گئی تھی اونھوں نے آٹھ یوم رخصت سے استفادہ حاصل کیا - اور ۲۹ر اکتوبر سے ڈیوٹی پر حاضر ہوگئے - لہٰذا حکم منسوخی بقیہ رخصت ہفت یوم شرف نفاذ پائے

حکم

بموجب رپورٹ - ڈاکٹر ایس - بی - واحدی کی ہفت یوم کی رخصت منظور شدہ سابقہ ۲۹ر اکتوبر ۱۹۳۳ء سے منسوخ کیا جانا منظور ہے -

کاغذات برائے کارروائی ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہوں -

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

بتشائے حکم سرشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

۷ر نومبر ۱۹۳۳ء — دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :-

واقع ۹ر نومبر ۱۹۳۳ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

عریضۂ یادداشت صاحب چیف منسٹر بہادر مع تحریر صاحب آرمی منسٹر بہادر باستدعائے منظوری رخصت تین یوم مطلوبہ میجر عزیز حسن خاں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ از ۹ر لغایۃ ۱۱ر نومبر ۱۹۳۳ء بغرض انتظام شادی دختر خود

بموجب رپورٹ میجر عزیز حسن خاں کی تین روز کی رخصت منظور ہے - کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سرشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہوں - آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے - ۹ر نومبر ۱۹۳۳ء

بتشائے حکم ہمایوں سرشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۹ر نومبر ۱۹۳۳ء

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)